© rasailojaraid.com



**حفاظت وحجیت حدیث** از مولانا محمد فہیم عثمانی۔ صفحات ۵۹۲ قیمت چالیس روپے
ناشر۔ دارالکتب مسجد مقدس، دھوبی منڈی۔ پرانی انار کلی لاہور

احادیث کی تدوین وحفاظت اور اس کی تشریعی حیثیت کے خلاف منکرین حدیث نے جو بھی شبہات اٹھائے ہیں فتنہ انکار حدیث کے استیصال و تعاقب میں فاضل مؤلف نے تمام شکوک وشبہات کا اطمینان بخش جواب معقول انداز اور موثر پیرایہ میں دے کر ایک اہم دینی ضرورت کو پورا اور فریضہ کو انجام دیا ہے۔ جس پر وہ تمام مسلمانوں کی طرف سے شکریہ اور تحسین کے مستحق ہیں۔ مدارس عربیہ اور عصری تعلیم گاہوں کے طلبہ کو اس کتاب کے مطالعہ سے بے حد فائدہ پہنچے گا۔ کتاب کا پہلا حصہ حدیث کی حفاظت وکتابت اور عہد بہ عہد اس کے لئے مساعی اور حصہ دوم حجیت حدیث پر مشتمل ہے۔ مخالفین کے بے بنیاد اعتراضات کا تجزیہ بھی خاص طور سے پڑھنے کا ہے ؛

---

**بقیہ : اسلامی قانون سازی**

۱۳۳-۱۵۰-۱۵۸-۳۹۳-۳۹۴-۴۰۲-۴۰۹-۴۵۳-

۲۴- امام ابن تیمیہ السیاستہ الشرعیۃ ص ۴ و ما بعد۔ ۲۵- پروفیسر منیر القاضی شرح المجلۃ ص ۸۰
۲۶- امام عزالدین بن عبدالسلام قواعد الاحکام فی مصالح الانام ص ۱۲ ۲۷- پروفیسر علی حیدر درر الحکام ص ۴۰
۲۸- حافظ ابوالفرج عبدالرحمٰن بن رجب الحنبلی القواعد ص ۳۲۰- ۲۹- امام ابن عبدالسلام عزالدین قواعد الاحکام ص ۱۲۵- ۳۰- ایضاً ص ۱۲۷- ۳۱- پروفیسر علی حیدر درر الحکام ص ۴۵- ۳۲- پروفیسر منیر القاضی شرح المجلہ، ص ۱۵۱-

---

**بقیہ : شاہ فیصل شہیدؒ**

مسائل اور دشواریوں کا مقابلہ کرسکیں جو بطور اسلامی قوم خدا تعالیٰ اس کے پیغمبر اور ان کے قوانین کی راہ میں حائل ہیں۔"

دین اور اسلامی قوانین سے متعلق فرمایا :

"ہمارے دین اور اس کے قوانین میں وہ سب کچھ موجود ہے جو ہمیں اُن کم تر نظریات کو درآمد کرنے سے بے نیاز کرسکتا ہے جسے اُس نے اپنے پیغمبر پر نازل کیا اور وہ اپنے تخلیق کے مقاصد اور مفادات کو بہتر طور پر جانتا ہے۔ مجھے مخلصانہ توقع ہے کہ آپ منشائے الٰہی اور اپنے مذہب کی پیروی کریں گے جو سچائی، قوت، علم، ترقی اور امن کا مذہب ہے۔"

© rasailojaraid.com